صحیح مُسلم

ابوالحسین مسلم بن الحجاج القشیری النیسابوری
(۲۰۴ھ-۲۶۱ھ)

www.sirat-e-mustaqeem.net

اردو ترجمہ کے ساتھ

جلد ہشتم

نور فاؤنڈیشن ربوہ

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ ﷺ

www.sirat-e-mustaqeem.net

نام کتاب: صحیح مسلم (اردو ترجمہ کے ساتھ)

جلد: ہشتم

ایڈیشن: اول

سن اشاعت: اکتوبر 2010ء

ناشر: نور فاؤنڈیشن ربوہ

پرنٹر: بلیک ایرو پرنٹرز لاہور

www.sirat-e-mustaqeem.net

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدّمہ

حضرت امام مسلم کا پورا نام ابوالحسین مسلم بن الحجاج بن مسلم القشیر ی تھا۔ ابوالحسین آپ کی کنیت تھی اور عساکر الدین لقب تھا۔ آپ قبیلہ بنوقشیر سے تعلق رکھتے تھے جو عرب کا ایک مشہور خاندان تھا۔ اور خراسان کا مشہور شہر نیشاپور آپ کا وطن تھا۔ امام مسلم 204ھ میں پیدا ہوئے۔ لیکن بعض علماء اور مورخین کی تحقیق یہ ہے کہ آپ کی ولادت 206ھ میں ہوئی۔ آپ نے 24 رجب 261ھ کو 55 سال کی عمر میں نیشاپور میں وفات پائی اور وہیں آپ کی تدفین ہوئی۔ آپ کی شہرۂ آفاق تالیف وتصنیف صحیح مسلم ہے جس کو بخاری کے بعد اصح الکتب کہا جاتا ہے۔ جسے امام مسلم نے 3 لاکھ احادیث میں سے جانچ پڑتال کر کے تالیف کیا۔ اور یہ احادیث ان کے مجوزہ معیار کے اعتبار سے مستند اور معتمد ہیں۔

صحیح مسلم کے ترجمہ کا عربی متن ہم اس کتاب سے لے رہے ہیں جو دار الکتاب العربی بیروت لبنان (طبع اولیٰ 2004) کے نسخہ کے مطابق ہے۔ اس میں 7563 روایات ہیں۔ مگر یہ بات ذہن نشین رہے کہ اس تعداد میں بعض جگہ صرف اسناد کی بحث ہے یا پھر ''مثلہ'' کہہ کر پچھلی حدیث کے ساتھ سند کے مضمون کو ملا دیا گیا ہے۔ جبکہ ترقیم فؤاد عبدالباقی کے مطابق صحیح مسلم کی احادیث کی تعداد 3033 بنتی ہے۔ اس ترقیم میں بعض اوقات دو احادیث یا تین احادیث کے مضمون کو اکٹھا کر دیا گیا ہے۔

یہ مدنظر رہے کہ صحیح مسلم کے ابواب حضرت امام مسلمؒ کے تجویز کردہ نہیں ہیں جیسا کہ صحیح مسلم کے مشہور شارح حضرت امام نوویؒ کہتے ہیں:

''ان ابواب کا عنوان امام مسلم کا تجویز کردہ نہیں ہے۔ بلکہ بعد کے لوگوں نے یہ عناوین مقرر کئے ہیں۔''

(المنہاج شرح مسلم صفحہ 23، 24 دار ابن حزم طبع بیروت ایڈیشن 2002)

ترجمہ کرنا اور خصوصًا مذہبی کتب کا ترجمہ کرنا آسان کام نہیں۔ کیونکہ مذہبی کتب کے ترجمہ میں جہاں متن

www.sirat-e-mustaqeem.net

سے وفاداری کا خیال رکھنا پڑتا ہے وہاں عربی متن کا ایسا لفظی ترجمہ بھی درست نہیں ہوگا جو اصل مفہوم سے دور لے جائے۔ بڑی محنت اور جانفشانی سے ان باتوں کو مدنظر رکھ کر ترجمہ کیا جارہا ہے۔

اس وقت صحیح مسلم کے ترجمہ کا کام جاری ہے۔ جس کی آٹھویں جلد کتاب البیوع، کتاب المساقاۃ ، کتاب الفرائض، کتاب الھبات ، کتاب الوصیۃ ، کتاب النذر اور کتاب الاَیمان پر مشتمل ہے۔

صحیح مسلم جلد ہشتم میں ابواب کی ترقیم دار الکتاب العربی بیروت الطبعۃ الاولٰی کے مطابق ہے۔ باب کے ساتھ 2 نمبرز ہیں۔ بریکٹ والا نمبر ''المعجم المفھرس'' کے مطابق ہے۔ بریکٹ سے باہر والا نمبر ''تحفۃ الاشراف للمزی'' کے مطابق ہے۔

اسی طرح ہر حدیث کے 3 نمبرز ہیں بریکٹ والا نمبر ''المعجم المفھرس للاحادیث'' کے مطابق ہے اور بریکٹ سے باہر والا نمبر نور فاؤنڈیشن کی قائم کردہ ترقیم کے مطابق ہے۔ اور یہ نمبر مسلسل رہے گا۔ مثلاً جلد اول حدیث نمبر 1 سے 319 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد دوم حدیث نمبر 320 سے 799 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد سوم حدیث نمبر 800 سے 1384 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد چہارم حدیث نمبر 1385 سے 1778 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد پنجم حدیث نمبر 1779 سے 1997 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد ششم حدیث نمبر 1998 سے 2470 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ ساتویں جلد 2471 سے 2765 تک کی احادیث پر مشتمل تھی اور آٹھویں جلد حدیث نمبر 2766 سے 3142 تک کی احادیث پر مشتمل ہے جبکہ نویں جلد ان شاء اللہ 3143 سے شروع ہوگی۔ ہر حدیث کے آخر پر جو نمبر دیا گیا ہے وہ صحیح مسلم مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت کے مطابق ہے۔

جلد نمبر 8 میں موجود ہر حدیث کی اطراف اور تخریج حاشیہ میں درج کی گئی ہے۔ اطراف سے مراد یہ ہے کہ کوئی حدیث جو مسلم میں موجود ہے وہ مسلم میں اور کہاں کہاں آتی ہے۔ اسی طرح تخریج سے مراد یہ ہے کہ مسلم کے علاوہ وہ حدیث باقی صحاح میں کہاں کہاں موجود ہے۔ ان احادیث کی اطراف اور تخریج کے ساتھ اس بات کی بھی وضاحت کر دی گئی ہے کہ کسی کتاب کی اندرونی تقسیم میں وہ حدیث کس عنوان یا

www.sirat-e-mustaqeem.net

کتاب کے تحت آ رہی ہے۔ مثلاً

مسلم جلد 8 کتاب البیوع کی روایت نمبر 2766 کے مضمون کی ایک اور روایت مسلم کی ہی کتاب کے کتاب البیوع میں روایت نمبر 2767 باب ابطال بیع الملامسة والمنابذة میں بھی موجود ہے۔ جس کا ذکر اطراف میں کر دیا گیا ہے۔ اسی طرح مسلم کتاب البیوع کی حدیث نمبر 2766 بخاری میں کتاب الصلاة روایت نمبر 368 باب ما یستر من العورة اور کتاب مواقیت الصلاة روایت نمبر 584 باب الصلاة بعد الفجر حتی ترتفع الشمس میں بھی موجود ہے۔ جن کا ذکر تخریج میں کر دیا گیا ہے۔

مسلم کی احادیث کی اطراف کے لئے نور فاؤنڈیشن کے تجویز کردہ سیریل نمبر کو اختیار کیا گیا ہے اور مسلم کی احادیث کی تخریج کے لئے بخاری کی احادیث کے نمبر فتح الباری کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ ترمذی کی احادیث کے نمبر احمد شاکر کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ ابوداؤد کی احادیث کے نمبر محی الدین کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ نسائی کی احادیث کے نمبر ابوغدة کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ سنن ابن ماجہ کی احادیث کے نمبر عبدالباقی کی ترقیم کے مطابق ہیں۔

مترجمین

www.sirat-e-mustaqeem.net

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرس

مضامین کا تفصیلی انڈیکس کتاب کے آخر پر ملاحظہ فرمائیں

عناوین

کتاب البیوع

		صفحہ
باب:ابطال بیع الملامسه والمنابذة	بیع ملامسہ اور منابذہ کا باطل ہونا	1
باب:بطلان بیع الحصاة والبیع الذی فیه غرر	بیع الحصاۃ اور اس خرید وفروخت کا باطل ہونا.....	4
باب:تحریم بیع حبل الحبلة	بیع حبل الحبلہ کی حرمت	4
باب: تحریم بیع الرجل علی بیع اخیه وسومه علی سومه....	ایک شخص کا اپنے بھائی کی بیع پر بیع کرنے اور اس سودے پر سودا کرنے کی ممانعت....	5
باب:تحریم تلقی الجلب	درآمد ہونے والے مال کو آگے جا کر لینے کی ممانعت	10
باب:تحریم بیع الحاضر للبادی	شہری کا بادیہ نشین کے لئے سودا کرنے کی ممانعت	12
باب:حکم بیع المصراة	دودھ روکے ہوئے جانور کے بیچنے کا بیان	14
باب:بطلان بیع المبیع قبل القبض	فروخت شدہ چیز کو قبضہ میں لینے سے پہلے بیچنا درست نہیں	17
باب:تحریم بیع صبرة التمر المجهولة القدر بتمر	خشک کھجور کے ڈھیر جس کی مقدار معلوم نہ ہو، کا سودا کھجور سے کرنے کی ممانعت	25
باب:ثبوت خیار المجلس للمتبایعین	دو خرید وفروخت کرنے والوں کو اس مجلس میں رہنے تک (سودا کی منسوخی) کا اختیار رہونا	26
باب:الصدق فی البیع والبیان	خرید وفروخت اور بیان میں سچائی	29
باب:من یخدع فی البیع	جسے خرید وفروخت میں دھوکہ دیا جاتا ہو	30
باب:النهی عن بیع الثمار قبل بدوّ صلاحها...	کاٹنے کی شرط کے بغیر پھلوں کو ان کی صلاحیت ظاہر ہونے سے پہلے فروخت کرنے کی ممانعت	31

www.sirat-e-mustaqeem.net

باب:تحريم بيع الرطب بالتمر الا فی العرايا	عرایا کے سوا تازہ کھجور کی خشک کھجور کے عوض فروخت کی ممانعت	39
باب:من باع نخلا عليها ثمر	جس نے کھجور کے درخت فروخت کئے جن پر پھل لگا ہوا ہے	48
باب:النهی عن المحاقلة والمزابنة وعن المخابرة ...	محاقلہ،مزابنہ ،مخابرہ اور پھل کی صلاحیت ظاہر ہونے سے پہلے فروخت اور بیع معاومہ کی ممانعت	51
باب: كراء الارض	زمین بٹائی پر دینا	56
باب: كراء الارض بالطعام	غلہ کے عوض زمین کرایہ پر دینا	71
باب: كراء الارض بالذهب والورق	سونے اور چاندی کے عوض زمین ٹھیکہ پر دینا	74
باب فی المزارعة والمؤاجرة	مزارعت اور اجرت پر (زمین) دینے کا بیان	77
باب:الارض تمنح	زمین عطیہ کے طور پر دی جائے	78

كتاب المساقاة

باب:المساقاةوالمعاملة بجزء من الثمر....	آب پاشی اور پھل اور فصل کے ایک حصہ کے بدلہ معاملہ کرنا	81
باب:فضل الغرس والزرع	درخت لگانے اور کھیتی باڑی کرنے کی فضیلت	85
باب:وضع الجوائح	آفات کی وجہ سے (قیمت) کم کرنے کا بیان	88
باب:استحباب الوضع من الدين	قرض میں کمی کرنا پسندیدہ ہے	91
باب:من ادرک ماباعه عند المشتری...	جو شخص اپنی فروخت شدہ چیز خریدار کے پاس پائے...	94
باب:فضل انظار المعسر	تنگدست کو مہلت دینے کی فضیلت	97
باب:تحريم مطل الغنیّ وصحة الحوالة...	امیر آدمی کے ٹال مٹول کرنے کی ممانعت اور حوالہ یعنی قرض کی ادائیگی کی ذمہ داری کو منتقل کرنا درست ہے	101
باب: تحريم بيع فضل الماء الذی يكون بالفلاة...	جنگل میں موجود زائد پانی فروخت کرنے کی ممانعت	102

www.sirat-e-mustaqeem.net

باب:تحريم ثمن الكلب وحلوان الكاهن...	کتے کی قیمت ،کاہن کی شیرینی،کنچنی کی اجرت کا حرام ہونا	105
باب:الامر بقتل الكلاب وبيان نسخه وبيان تحريم اقتنائها...	کتے مارنے کا حکم اوراس کی منسوخی کا بیان...	108
باب حلّ أجرة الحجامة	پچھنے لگانے کی اجرت کے جواز کا بیان	119
باب:تحريم بيع الخمر	شراب کی خرید وفروخت کی ممانعت	121
باب:تحريم بيع الخمر والميتة والخنزير....	شراب اور مردار اور خنزیر کی تجارت کی ممانعت کا بیان	124
باب الربا	سود کا بیان	127
باب الصرف وبيع الذهب بالورق نقداً	صرف اور سونے کو چاندی کے عوض نقد فروخت کرنے کا بیان	130
باب:النهى عن بيع الورق بالذهب دينا	چاندی کو سونے کے عوض ادھار بیچنے کی ممانعت	135
باب:بيع القلادة فيها خرز وذهب	ہار کی فروخت جس میں منکے اور سونا ہو	137
باب:بيع الطعام مثلاً بمثل	غلہ کی فروخت جبکہ (دونوں) غلے ایک جیسے ہوں	140
باب لعن آكل الربا ومؤكله	سود کھانے والے پر لعنت کا بیان	149
باب اخذ الحلال وترک الشبهات	حلال لینے اور شبہات کو چھوڑنے کا بیان	150
باب بيع البعير واستثناء ركوبه	اونٹ کی فروخت کا بیان اوراس پر سواری کا استثناء کرنا	152
باب:من استسلف شيئا فقضى خيرا منه....	جس نے کوئی چیز ادھار لی اوراس سے بہتر ادا کی....	159
باب:جواز بيع الحيوان بالحيوان...	جاندار کو اسی جنس کے جاندار کے بدلے کمی بیشی کے ساتھ خرید وفروخت کرنے کا جواز	162
باب:الرهن وجوازه فى الحضر كالسفر	رہن رکھنا اوراس کا سفر کی طرح حضر میں جائز ہونا	162
باب السَّلم	قیمت پیشگی ادا کرے کا بیان	164
باب:تحريم الاحتكار فى الاقوات	کھانے پینے کی اشیاء کو روک رکھنے کی ممانعت	165
باب:النهى عن الحلف فى البيع	خرید وفروخت میں قسم کھانے کی ممانعت	167
باب الشُفعة	شفعہ کا بیان	168

www.sirat-e-mustaqeem.net

باب:غرز الخشب فی جدار الجار	ہمسائے کی دیوار میں لکڑی گاڑنا	170
باب:تحریم الظلم وغصب الارض وغیرها	ظلم اورزمین وغیرہ غصب کرنے کی حرمت	171
باب:قدر الطریق اذااختلفوا فیه	راستہ کتنا ہو جب لوگ اس میں اختلاف کریں	175

کتاب الفرائض

باب:لایرث المسلم الکافر....	مسلمان کافر کا وارث نہیں ہوگا اور کافر مسلمان کا وارث نہیں ہوگا	176
باب:الحقوا الفرائض بأهلها فما بقی....	ورثہ کے مقررہ حصے ان کے حق داروں کو دو...	177
باب میراث الکلالة	کلالہ کے ورثہ کا بیان	178
باب:آخر آیة انزلت آیة الکلالة	آخری آیت جو اتاری گئی آیت کلالہ تھی	183
باب:من ترک مالاً فلورثته	جس نے مال چھوڑا وہ اس کے وارثوں کے لئے ہے	188

کتاب الهبات

باب:کراهة شراء الانسان ماتصدق به....	آدمی کے اس چیز کو جو اس نے صدقہ دی اس شخص سے خریدنے کی ناپسندیدگی جس پر صدقہ کیا گیا ہے	188
باب:تحریم الرجوع فی الصدقة والهبة بعد القبض الا ما وهبه...	صدقہ اور ہبہ پر قبضہ کے بعد واپس لینے کی ممانعت....	192
باب کراهة تفضیل بعض الاولاد فی الهبة	ہبہ میں بچوں میں سے کسی کو فضلیت دینے کی ناپسندیدگی کا بیان	195
باب:العمری	عمر بھر کے لئے عطیہ دے دینا	202

کتاب الوصیة

باب:وصیة الرجل مکتوبة عنده	آدمی کی وصیت اس کے پاس لکھی ہوئی ہو	212
باب الوصیة بالثلث	تیسرے حصہ کی وصیت کا بیان	214
باب:وصول ثواب الصدقات الی المیّت	فوت شدہ کو صدقات کا ثواب پہنچنا	220

www.sirat-e-mustaqeem.net

باب ما یلحق الانسان من الثواب بعد وفاته	اس ثواب کا بیان جو انسان کو اس کی وفات کے بعد پہنچتا ہے	222
باب الوقف	وقف کا بیان	222
باب:ترک الوصیة لمن لیس له شیء یوصی فیه	اس شخص کا وصیت نہ کرنا جس کے پاس کوئی ایسی چیز نہیں جس کے لئے وصیت کرے	224

کتاب النذر

باب:الامر بقضاء النذر	نذر پوری کرنے کا حکم	230
باب:النهی عن النذر وانه لا یردّ شیئا	نذر کی ممانعت اور یہ کہ وہ کسی چیز کو نہیں ہٹاتی	231
باب:لاوفاء لنذر فی معصیة الله ولا فیما لا یملک العبد	ایسی نذر پوری کرنا (جائز نہیں) جس میں اللہ کی نافرمانی ہو...	234
باب من نذر ان یمشی الی الکعبة	اس کے بارہ میں بیان جس نے پیدل چل کر کعبہ جانے کی نذر مانی	237
باب فی کفارة النذر	نذر کے کفارہ کا بیان	240

کتاب الایمان

باب:النهی عن الحلف بغیر الله تعالیٰ	غیر اللہ کی قسم کھانے کی ممانعت	241
باب:من حلف باللات والعزّی فلیقل لا اله الا الله	جو لات اور عزّیٰ کی قسم کھالے...	244
باب ندب من حلف یمینا فرأی غیرها خیرا منها...	اس کی اچھائی کا بیان کہ جس نے قسم کھائی پھر کسی اور بات کو اس سے بہتر دیکھا تو وہ بہتر کام کرے...	246
باب:یمین الحالف علی نیة المستحلف	قسم کھانے والے کی قسم، قسم لینے والے کی نیت کے مطابق ہوگی	258
باب الاستثناء	استثناء (یعنی انشاء اللہ کہنے) کا بیان	259

www.sirat-e-mustaqeem.net

باب:النهی عن الاصرار علی الیمین فیما یتأذی به...	ایسی قسم پر اصرار کی ممانعت جس سے قسم کھانے والے کے گھر والوں کو تکلیف ہو اور وہ (کام) حرام میں سے نہ ہو	262
باب:نذر الکافر وما یفعل فیه اذاأسلم	کافر کی نذر اور جب وہ مسلمان ہو جائے تو اس بارہ میں کیا کرے	262
باب صحبة المماليک وکفارة من لطم عبده	غلاموں سے معاشرت اور جو غلام کو تھپڑ مارے اس کے کفارہ کا بیان	266
باب:التغليظ علی من قذف مملوکه بالزنا	اس شخص پر سزا کی شدت جو اپنے غلام پر زنا کی تہمت لگائے	271
باب:اطعام المملوک ممّا یأکل والباسه مما یلبس...	غلام کو اس میں سے کھلانا جو (مالک) خود کھاتا ہے اور اس میں سے پہنانا جو وہ خود پہنتا ہے...	272
باب:ثواب العبد وأجره اذا نصح لسیّده...	غلام کا ثواب اور اس کا اجر جب وہ آقا کے لئے خیر خواہ ہو اور اللہ کی عبادت اچھی طرح کرے	276
باب من أعتق شرکا له فی عبد	اس شخص کا بیان جس نے غلام میں اپنا حصہ آزاد کر دیا	278
باب:جواز بیع المدبّر	اس غلام کی فروخت کا جواز جسے مالک نے اپنی وفات کے بعد آزاد قرار دیا ہو	284

www.sirat-e-mustaqeem.net

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كِتَابُ البُيُوعِ

خرید وفروخت کے بارہ میں کتاب

[1]1: بَاب: إِبْطَالُ بَيْعِ الْمُلَامَسَةِ وَالْمُنَابَذَةِ

باب: بیع ملامسہ اور منابذہ کا باطل قرار دیا جانا

2766{1} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْمُلَامَسَةِ وَالْمُنَابَذَةِ و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ وَأَبُو أُسَامَةَ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ

2766: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ملامسہ اور منابذہ سے منع فرمایا ہے۔☆

☆ ان دونوں کی تشریح روایت نمبر 2767 میں موجود ہے۔

2766 : اطراف : مسلم کتاب البیوع باب ابطال بیع الملامسة والمنا بذة 2767

تخریج : بخاری کتاب الصلاة باب ما یستر من العورة 368 کتاب مواقیت الصلاةباب الصلاة بعد الفجر حتی ترتفع الشمس 584 کتاب الصوم باب صوم یوم النحر 1993 کتاب البیوع باب بیع الملامسة 2144، 2145 باب بیع المنابذة 2146 کتاب اللباس باب اشتمال الصماء 5819 باب الاحتباء فی ثوب واحد 5821 **ترمذی** کتاب البیوع عن رسول اللہ ﷺ باب ماجاء فی الملامسة والمنابذة 1310 **نسائی** کتاب البیوع بیع الملامسة 4509 تفسیر ذالک 4510 بیع المنابذة 4511، 4512 تفسیر ذالک 4513، 4514، 4515، 4516، 4517 **ابن ماجه** کتاب التجارات باب ماجاء فی النهی عن المنابذة والملامسة 2169، 2170 کتاب اللباس باب ما نهی عنه من اللباس 3561، 3559، 3560

www.sirat-e-mustaqeem.net

حَدَّثَنَا أَبِي ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ كُلُّهُمْ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ و حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ[3804,3803,3802,3801]

2767{2} و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ مِينَاءَ أَنَّهُ سَمِعَهُ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّهُ قَالَ نُهِيَ عَنْ بَيْعَتَيْنِ الْمُلَامَسَةِ وَالْمُنَابَذَةِ أَمَّا الْمُلَامَسَةُ فَأَنْ يَلْمِسَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا ثَوْبَ صَاحِبِهِ بِغَيْرِ تَأَمُّلٍ وَالْمُنَابَذَةُ أَنْ يَنْبِذَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا ثَوْبَهُ إِلَى الْآخَرِ وَلَمْ يَنْظُرْ وَاحِدٌ مِنْهُمَا إِلَى ثَوْبِ صَاحِبِهِ [3805]

2767: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ دو قسم کی خرید و فروخت ''ملامسہ اور منابذہ'' سے منع کیا گیا ہے۔ ملامسہ تو یہ ہے کہ دونوں میں سے ہر ایک اپنے ساتھی کا کپڑا بغیر کسی تأمل کے چھوتا ہے اور منابذہ یہ ہے کہ ان دونوں میں سے ہر ایک اپنا کپڑا دوسرے کی طرف پھینکتا ہے اور ان دونوں میں سے کوئی اپنے ساتھی کے کپڑے کی طرف نہیں دیکھتا۔

2767 : اطراف : مسلم کتاب البیوع باب ابطال بیع الملامسة والمنا بذة 2766

تخریج : بخاری کتاب الصلاة باب ما یستر من العورة 368 کتاب مواقیت الصلاةباب الصلاة بعد الفجر حتی ترتفع الشمس 584 کتاب الصوم باب صوم یوم النحر 1993 کتاب البیوع باب بیع الملامسة 2144 ، 2145 باب بیع المنابذة 2146 کتاب اللباس باب اشتمال الصماء 5819 باب الاحتباء فی ثوب واحد 5821 **ترمذی** کتاب البیوع باب ماجاء فی الملامسة والمنابذة 1310 **نسائی** کتاب البیوع بیع الملامسة 4509 تفسیرذالک 4510 بیع المنابذة 4511 ، 4512 تفسیرذالک 4513 ، 4514 ، 4515 ، 4516 ، 4517 **ابن ماجه** کتاب التجارات باب ماجاء فی النهی عن المنابذة والملامسة 2169 ، 2170 کتاب اللباس باب ما نهی عنه من اللباس 3559 ، 3560 ، 3561

2768{3} وحَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ وَحَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى وَاللَّفْظُ لِحَرْمَلَةَ قَالَا أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي عَامِرُ بْنُ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ أَنَّ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ قَالَ نَهَانَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعَتَيْنِ وَلِبْسَتَيْنِ نَهَى عَنِ الْمُلَامَسَةِ وَالْمُنَابَذَةِ فِي الْبَيْعِ وَالْمُلَامَسَةُ لَمْسُ الرَّجُلِ ثَوْبَ الْآخَرِ بِيَدِهِ بِاللَّيْلِ أَوْ بِالنَّهَارِ وَلَا يَقْلِبُهُ إِلَّا بِذَلِكَ وَالْمُنَابَذَةُ أَنْ يَنْبِذَ الرَّجُلُ إِلَى الرَّجُلِ بِثَوْبِهِ وَيَنْبِذَ الْآخَرُ إِلَيْهِ ثَوْبَهُ وَيَكُونُ ذَلِكَ بَيْعَهُمَا مِنْ غَيْرِ نَظَرٍ وَلَا تَرَاضٍ و حَدَّثَنِيهِ عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ [3807,3806]

2768: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہمیں رسول اللہ ﷺ نے دوقسم کی خرید وفروخت اور دوقسم کے لباس سے منع فرمایا ہے۔خرید وفروخت میں ملامسہ اور منابذہ سے منع فرمایا ہے اور ملامسہ ایک آدمی کا دوسرے آدمی کے کپڑے کو رات کے وقت یا دن کے وقت اپنے ہاتھ سے چھونا ہے مگر وہ اُلٹ پلٹ کرنہیں دیکھتا اور منابذہ یہ ہے کہ ایک آدمی دوسرے کی طرف اپنا کپڑا پھینکتا ہے اور دوسرا اس کی طرف اپنا کپڑا پھینکتا ہے اور یہ ان دونوں کی خرید وفروخت بغیر دیکھنے اور (پورے مشاہدہ پر مبنی) باہمی رضامندی کے بغیر ہوتی ہے۔

2768 : **اطراف** : **مسلم** کتاب بیع الملامسة والمنا بذة 2769

تخریج : **بخاری** کتاب البیوع باب بیع الملامسة 2144، 2145 باب بیع المنابذة 2147 کتاب اللباس باب اشتمال الصماء 5819، 5820 کتاب الاستیذان باب الجلوس کیف ما تیسر 6284 **نسائی** کتاب البیوع تفسیر ذالک 4510 بیع الملامسة 4509 بیع المنابذة 4511، 4512 تفسیر ذالک 4513، 4514، 4515، 4516، 4517 **ابن ماجه** کتاب التجارات باب ماجاء فی النهی عن المنابذة والملامسة 2169، 2170 **ابو داؤد** باب فی بیع الغرر 3377

www.sirat-e-mustaqeem.net

[2]2:بَاب: بُطْلَانُ بَيْعِ الْحَصَاةِ وَالْبَيْعِ الَّذِي فِيهِ غَرَرٌ

باب: بیع الحصاۃ اور اس خرید وفروخت کا باطل ہونا جس میں دھوکہ ہو

2769{4} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ وَيَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ وَأَبُو أُسَامَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ ح و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ حَدَّثَنِي أَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْحَصَاةِ وَعَنْ بَيْعِ الْغَرَرِ[3808]

2769: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے بیع الحصاۃ اور دھوکہ والی خرید وفروخت سے منع فرمایا ہے۔[1]

[3]3:بَاب: تَحْرِيمُ بَيْعِ حَبَلِ الْحَبَلَةِ

باب: بیع حبل الحبلہ کی حرمت

2770{5}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَمُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ قَالَا أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ ح و حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ

2770: حضرت عبداللہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حبل الحبلہ کی بیع سے منع فرمایا ہے۔[2]

1: بیع الحصاۃ جس کے لفظی معنے ہیں کنکروں والی بیع۔اس کی مختلف قسمیں اور شکلیں ہوتی تھیں مثلاً متعدد اشیاء میں سے جس چیز کو پھینکنے والے کا کنکر لگ جائے اس کی بیع ہوگی وغیرہ۔

2: حبل الحبلہ کی بیع کی تشریح اگلی حدیث میں ہے۔

2769 اطراف: مسلم کتاب بیع الملامسة والمنا بذة 2768

تخریج : ترمذی کتاب البیوع باب ما جاء فی کراهية بیع الغرر 1230 **نسائی** کتاب البیوع بیع الحصاة 4518

2770 : اطراف: مسلم کتاب البیوع باب بطلان بیع الحصاة والبیع لذی فیه الغرر 2771

تخریج : بخاری کتاب البیوع باب بیع الغرر وحبل الحبلة 2143 کتاب السلم باب السلم الی ان تنتج الناقة 2256 کتاب مناقب الانصار باب ایام الجاهلية 3843 **ترمذی** کتاب البیوع باب ماجاء فی النهی عن بیع حبل الحبلة 1229 **نسائی** کتاب البیوع بیع حبل الحبلة 4623، 4624 تفسیر ذلک 4625 **ابوداؤد** کتاب البیوع باب فی بیع الغرر 3380 **ابن ماجه** کتاب التجارات النهی عن شرائع مافی بطون الانعام ... 2196، 2197

www.sirat-e-mustaqeem.net

عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ نَهَى عَنْ بَيْعِ حَبَلِ الْحَبَلَةِ [3809]

2771{6}حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَاللَّفْظُ لِزُهَيْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيَى وَهُوَ الْقَطَّانُ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ أَخْبَرَنِي نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ أَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ يَتَبَايَعُونَ لَحْمَ الْجَزُورِ إِلَى حَبَلِ الْحَبَلَةِ وَحَبَلُ الْحَبَلَةِ أَنْ تُنْتَجَ النَّاقَةُ ثُمَّ تَحْمِلَ الَّتِي نُتِجَتْ فَنَهَاهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذَلِكَ [3810]

2771: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ جاہلیت والے اونٹوں کے گوشت کی خرید وفروخت حبل الحبلہ تک کیا کرتے تھے اور حبل الحبلہ یہ ہے کہ اونٹنی بوتی☆ جنے اور پھر وہ (بوتی) حاملہ ہو۔ رسول اللہ ﷺ نے انہیں اس سے منع فرمادیا۔

[4]4: بَاب: تَحْرِيمُ بَيْعِ الرَّجُلِ عَلَى بَيْعِ أَخِيهِ وَسَوْمِهِ عَلَى سَوْمِهِ وَتَحْرِيمُ النَّجْشِ وَتَحْرِيمُ التَّصْرِيَةِ

ایک شخص کا اپنے بھائی کی بیع پر بیع کرنے اور اس کے سودے پر سودا کرنے کی ممانعت نیز قیمت بڑھانے کی خاطر بولی دینے کی ممانعت اور جانوروں کا دودھ روک کر ان کا سودا کرنے کی ممانعت

2772{7}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا

2772: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں سے کوئی دوسرے کے سودے پر سودا نہ کرے۔

2771 : **اطراف** : **مسلم** کتاب البیوع باب بطلان بیع الحصاة والبیع لذی فیه الغرر 2770

تخریج : **بخاری** کتاب البیوع باب بیع الغرر وحبل الحبلة 2143 کتاب السلم باب السلم الی ان تنتج الناقة 2256 کتاب مناقب الانصار باب ایام الجاهلیة 3843 **ترمذی** کتاب البیوع باب ماجاء فی النهی عن بیع حبل الحبلة 1229 **نسائی** کتاب البیوع بیع حبل الحبلة 4623، 4624 تفسیر ذلک 4625 **ابوداؤد** کتاب البیوع باب فی بیع الغرر 3380 **ابن ماجه** کتاب التجارات النهی عن شرائع مافی بطون الانعام ... 2196، 2197

2772 : **اطراف**: **مسلم** کتاب النکاح باب تحریم الخطبةعلی خطبة اخیه... 2516، 2517 کتاب البیوع باب تحریم بیع الرجل علی بیع اخیه ... 2773 =

☆ بوتی: اونٹ کے مادہ بچہ کو کہتے ہیں۔ (اردو علمی لغت)

www.sirat-e-mustaqeem.net

يَبِعْ بَعْضُكُمْ عَلَى بَيْعِ بَعْضٍ [3811]

2773{8}حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَاللَّفْظُ لِزُهَيْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ أَخْبَرَنِي نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَبِعِ الرَّجُلُ عَلَى بَيْعِ أَخِيهِ وَلَا يَخْطُبْ عَلَى خِطْبَةِ أَخِيهِ إِلَّا أَنْ يَأْذَنَ لَهُ [3812]

2773: حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا کوئی شخص اپنے بھائی کے سودے پر سودا نہ کرے اور اپنے بھائی کے شادی کے پیغام پر شادی کا پیغام نہ دے☆ سوائے اس کے کہ وہ اسے اجازت دے دے۔

2774{9}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَابْنُ حُجْرٍ قَالُوا حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ وَهُوَ ابْنُ جَعْفَرٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي

2774: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مسلمان اپنے بھائی کے سودے پر سودا نہ کرے۔

= **تخریج : بخاری** کتاب البیوع باب لا یبیع علی بیع اخیہ... 2139، 2140 باب نھی عن تلقی الرکبان ... 2165 کتاب النکاح باب لایخطب علی خطبتہ ...5142 **ترمذی** کتاب البیوع باب ما جاء فی النھی ... 1292 **نسائی** کتاب النکاح النھی ان یخطب الرجل ... 3238، 3239، 3240، 3241، 3242 خطبۃ الرجل اذا ترک الخاطب ... 3243 کتاب البیوع بیع الرجل علی بیع اخیہ 4503، 4504 سوم الرجل علی سوم اخیہ 4502 النجش 4506، 4507 **ابوداؤد** کتاب النکاح باب فی کراھیۃ ان یخطب الرجل ... 2080 کتاب البیوع باب فی التلقی 3436، 3437 **ابن ماجہ** کتاب النکاح باب لایخطب الرجل علی خطبۃ اخیہ 1867، 1868 کتاب التجارات باب لا یبیع الرجل علی بیع اخیہ ...2171، 2172

2773 : اطراف: مسلم کتاب النکاح باب تحریم الخطبۃ علی خطبۃ اخیہ ... 2516، 2517 کتاب البیوع باب تحریم بیع الرجل علی بیع اخیہ ... 2772

تخریج : بخاری کتاب البیوع باب لا یبیع علی بیع اخیہ ...2139، 2140 باب نھی عن تلقی الرکبان ... 2165 کتاب النکاح باب لایخطب علی خطبتہ ...5142 **ترمذی** کتاب البیوع باب ما جاء فی النھی ... 1292 **نسائی** کتاب النکاح النھی ان یخطب الرجل ... 3238، 3239، 3240، 3241، 3242 خطبۃ الرجل اذا ترک الخاطب ... 3243 کتاب البیوع بیع الرجل علی بیع اخیہ 4503، 4504 سوم الرجل علی سوم اخیہ 4502 النجش 4506، 4507 **ابوداؤد** کتاب النکاح باب فی کراھیۃ ان یخطب الرجل ...2080 کتاب البیوع باب فی التلقی 3436، 3437 **ابن ماجہ** کتاب النکاح باب لایخطب الرجل علی خطبۃ اخیہ 1867 1868 کتاب التجارات باب لا یبیع الرجل علی بیع اخیہ ...2171، 2172

2774 : اطراف : مسلم کتاب البیوع باب تحریم بیع الرجل علی بیع اخیہ ... 2775، 2776، 2777

تخریج: بخاری کتاب البیوع باب لا یبیع علی بیع اخیہ ... 2139، 2140 باب النھی للبائع ان لا یحفل الابل... 2150 باب یشتری حاضر لباد بالسمرۃ 2160 باب النھی عن تلقی الرکبان 2165 باب الشروط فی الطلاق 2727 **ترمذی** کتاب النکاح باب ماجاء ان لایخطب الرجل... 1134 **نسائی** کتاب النکاح النھی ان یخطب الرجل علی خطبۃ اخیہ 3238، 3239، 3240، 3241، 3242 کتاب البیوع بیع المھاجر للاعرابی 4491 بیع الحاضر للبادی 4496 سوم الرجل علی سوم اخیہ 4502 بیع الرجل علی بیع اخیہ 4503، 4504 النجش 4506، 4507 **ابوداؤد** کتاب البیوع باب فی التلقی 3436، 3437 **ابن ماجہ** کتاب التجارات باب لایبیع الرجل علی بیع اخیہ 2171، 2172

☆ یہ ممانعت اس صورت میں ہے جب رشتہ طے ہو چکا ہو۔

www.sirat-e-mustaqeem.net

هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَسُمِ الْمُسْلِمُ عَلَى سَوْمِ أَخِيهِ[3813]

2775{10}و حَدَّثَنِيه أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ حَدَّثَنِي عَبْدُ الصَّمَدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْعَلَاءِ وَسُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِمَا عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح و حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح و حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّه بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَدِيٍّ وَهُوَ ابْنُ ثَابِتٍ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يَسْتَامَ الرَّجُلُ عَلَى سَوْمِ أَخِيهِ وَفِي رِوَايَةِ الدَّوْرَقِيِّ عَلَى سِيمَةِ أَخِيهِ [3814]

2775: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اس بات سے منع فرمایا کہ ایک شخص اپنے بھائی کے سودے پر سودا کرے۔
ایک اور روایت میں (عَلٰی سَوْمِ اَخِیْهِ کی بجائے) عَلٰی سِیْمَةِ أَخِیْهِ کے الفاظ ہیں۔

2775 : اطراف : مسلم کتاب البیوع باب تحریم بیع الرجل علی بیع اخیه ... 2774، 2776، 2777

تخریج: بخاری کتاب البیوع باب لا یبیع علی بیع اخیه ... 2139، 2140 باب النهی للبائع ان لا یحفل الابل... 2150 باب یشتری حاضر لباد بالسمرة 2160، 2161 باب النهی عن تلقی الرکبان 2165 کتاب الشروط باب الشروط فی الطلاق 2727 **ترمذی** کتاب النکاح باب ماجاء ان لایخطب الرجل... 1134 **نسائی** کتاب النکاح النهی ان یخطب الرجل علی خطبة اخیه 3238، 3239، 3240، 3241، 3242 کتاب البیوع بیع المهاجر للاعرابی 4491 بیع الحاضر للبادی 4496 سوم الرجل علی سوم اخیه 4502 بیع الرجل علی بیع اخیه 4503، 4504 النجش 4506، 4507 **ابوداؤد** کتاب البیوع باب فی التلقی 3436، 3437 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب لا یخطب الرجل علی خطبة اخیه 1867، 1868 کتاب التجارات باب لایبیع الرجل علی بیع اخیه 2171، 2172

www.sirat-e-mustaqeem.net

2776{11}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُتَلَقَّى الرُّكْبَانُ لِبَيْعٍ وَلَا يَبِعْ بَعْضُكُمْ عَلَى بَيْعِ بَعْضٍ وَلَا تَنَاجَشُوا وَلَا يَبِعْ حَاضِرٌ لِبَادٍ وَلَا تُصَرُّوا الْإِبِلَ وَالْغَنَمَ فَمَنِ ابْتَاعَهَا بَعْدَ ذَلِكَ فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ بَعْدَ أَنْ يَحْلُبَهَا فَإِنْ رَضِيَهَا أَمْسَكَهَا وَإِنْ سَخِطَهَا رَدَّهَا وَصَاعًا مِنْ تَمْرٍ[3815]

2776: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قافلے والوں کو سودا کرنے کی خاطر آگے بڑھ کر نہ ملا جائے اور تم میں سے کوئی دوسرے کے سودے پر سودا نہ کرے اور محض دام بڑھانے کی خاطر بولی نہ دو اور کوئی شہری دیہاتی کی طرف سے سودا نہ بیچے اور اونٹنیوں اور بھیڑ بکریوں کے دودھ روک کر نہ رکھو۔ اگر ایسی صورت کے بعد کوئی ان کو خریدے تو اس کو دودھ دوہنے کے بعد دو صورتوں میں سے بہتر کا اختیار ہے۔ اگر وہ اس جانور پر راضی ہے تو اسے رکھ لے اور اگر وہ اسے ناپسند ہے تو وہ اس (جانور) کو واپس لوٹا دے اور ساتھ کھجور کا ایک صاع (قریباً تین سیر) دے دے۔

2777{12}حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَدِيٍّ وَهُوَ ابْنُ ثَابِتٍ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي

2777: حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے قافلے والوں سے آگے جا کر ملنے سے منع فرمایا اور اس بات سے بھی کہ شہری بادیہ نشین کی طرف سے

2776: اطراف : مسلم کتاب البیوع باب تحریم بیع الرجل علی بیع اخیہ ... 2774، 2775، 2777

تخریج: بخاری کتاب البیوع باب لا یبیع علی بیع اخیہ ... 2139، 2140 باب النھی للبائع ان لا یحفل الابل...2148، 2150 باب ان شاء رد المصراۃ 2151 باب یشتری حاضر لباد بالسمرۃ 2160 باب النھی عن تلقی الرکبان 2162، 2163، 2165 کتاب الشروط باب مالایجوز من الشروط فی النکاح 2723 باب الشروط فی الطلاق2727 **ترمذی** کتاب النکاح باب ماجاء ان لایخطب الرجل...1134 کتاب البیوع باب ماجاء لا بیع حاضر لباد1223، 1222 باب ماجاء فی المصراۃ1251، 1252 باب ماجاء فی النھی عن البیع علی بیع اخیہ1292 **نسائی** کتاب النکاح النھی ان یخطب الرجل علی خطبۃ اخیہ 3238، 3239، 3240، 3241، 3242 کتاب البیوع النھی عن المصراۃ وھو ان یربط...4487، 4488، 4489 بیع المھاجر للاعرابی 4491 بیع الحاضر للبادی 4492، 4493، 4494، 4495، 4496 سوم الرجل علی سوم اخیہ4502 بیع الرجل علی بیع اخیہ 4503، 4504 النجش 4506، 4507 **ابوداؤد** کتاب النکاح باب فی کراھیۃ ان یخطب الرجل... 2081 کتاب البیوع باب فی التلقی3436، 3437 باب فی النھی عن ان یبیع حاضر لباد 3439، 3440، 3441، 3442 **ابن ماجہ** کتاب التجارات باب لایبیع الرجل علی بیع اخیہ 2171، 2172 باب النھی ان یبیع حاضر لباد 2175، 2176، 2177 النھی عن تلقی الجلب2178، 2179 باب بیع المصراۃ 2239، 2240، 2241

2777 : اطراف : مسلم کتاب البیوع باب تحریم بیع الرجل علی بیع اخیہ ... 2774، 2775، 2776 =

www.sirat-e-mustaqeem.net

هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ التَّلَقِّي لِلرُّكْبَانِ وَأَنْ يَبِيعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ وَأَنْ تَسْأَلَ الْمَرْأَةُ طَلَاقَ أُخْتِهَا وَعَنِ النَّجْشِ وَالتَّصْرِيَةِ وَأَنْ يَسْتَامَ الرَّجُلُ عَلَى سَوْمِ أَخِيهِ و حَدَّثَنِيهِ أَبُو بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ح و حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ ح و حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ حَدَّثَنَا أَبِي قَالُوا جَمِيعًا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ بِهَذَا الْإِسْنَادِ فِي حَدِيثِ غُنْدَرٍ وَوَهْبٍ نُهِيَ وَفِي حَدِيثِ عَبْدِ الصَّمَدِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى بِمِثْلِ حَدِيثِ مُعَاذٍ عَنْ شُعْبَةَ[3817,3816]

فروخت کرے اور اس بات سے کہ کوئی عورت اپنی بہن کی طلاق طلب کرے اور قیمت بڑھانے کی خاطر بولی دینے سے اور جانوروں کا دودھ روک لینے اور اس بات سے کہ آدمی اپنے بھائی کے سودے پر سودا کرے۔

=**تخریج: بخاری** کتاب البیوع باب لا یبیع علی بیع اخیه ... 2139، 2140 باب النهی للبائع ان لا یحفل الابل ...2148 2150 باب ان شاء رد المصراة 2151 باب یشتری حاضر لباد بالسمرة 2160 باب النهی عن تلقی الرکبان 2162، 2163 2165 کتاب الشروط باب مالایجوز من الشروط فی النکاح 2723 باب الشروط فی الطلاق 2727 **ترمذی** کتاب النکاح باب ماجاء ان لایخطب الرجل...1134 کتاب البیوع باب ماجاء لا بیع حاضر لباد 1222، 1223 باب ماجاء فی المصراة 1251، 1252 باب ماجاء فی النهی عن البیع علی بیع اخیه 1292 **نسائی** کتاب النکاح النهی ان یخطب الرجل علی خطبة اخیه 3238، 3239 3240، 3241، 3242 کتاب البیوع النهی عن المصراة وهو ان یربط...4487، 4488، 4489 بیع المهاجر للاعرابی 4491 بیع الحاضر للبادی 4492، 4493، 4494، 4495، 4496 سوم الرجل علی سوم اخیه 4502 بیع الرجل علی بیع اخیه 4503 4504 النجش 4506، 4507 **ابوداؤد** کتاب النکاح باب فی کراهیة ان یخطب الرجل ... 2081 کتاب البیوع باب فی التلقی 3436، 3437 باب فی النهی عن ان یبیع حاضر لباد 3439، 3440، 3441، 3442 **ابن ماجه** کتاب التجارات باب لایبیع الرجل علی بیع اخیه 2171، 2172 باب النهی ان یبیع حاضر لباد 2175، 2176، 2177 النهی عن تلقی الجلب 2178، 2179 باب بیع المصراة 2239، 2240، 2241

www.sirat-e-mustaqeem.net

2778{13}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ النَّجْشِ [3818]

2778: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے محض قیمت بڑھانے کی خاطر بولی دینے سے منع فرمایا۔

[5]5:بَاب: تَحْرِيمُ تَلَقِّي الْجَلَبِ

باب: درآمد ہونے والے مال کو آگے جا کر لینے کی ممانعت

2779{14}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا يَحْيَى يَعْنِي ابْنَ سَعِيدٍ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي كُلُّهُمْ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ تُتَلَقَّى السِّلَعُ حَتَّى تَبْلُغَ الْأَسْوَاقَ وَهَذَا لَفْظُ ابْنِ نُمَيْرٍ و قَالَ الْآخَرَانِ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ التَّلَقِّي و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ وَإِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ جَمِيعًا عَنِ ابْنِ مَهْدِيٍّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ ابْنِ نُمَيْرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ [3820,3819]

2779: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے منع فرمایا کہ سودا آگے جا کر حاصل کیا جائے یہاں تک کہ وہ منڈیوں میں پہنچے۔ یہ الفاظ ابن نمیر کے ہیں اور دوسرے دو راویوں نے (اَنْ تُتَلَقَّیٰ کی بجائے) عَنِ التَّلَقِّی کے الفاظ کہے ہیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.net

2778: تخریج : **بخاری** کتاب البیوع باب النجش ومن قال لا یجوز ذالک البیع 2142 **نسائی** کتاب البیوع بیع الحاضر للباد ی 4496 ، 4497 النجش 4505 ، 4506 ، 4507 **ابن ماجه** کتاب التجارات باب ما جاء فی النهی عن النجش 2173 ، 2174

2779 : تخریج : **بخاری** کتاب البیوع باب النهی عن تلقی الرکبان وان بیعه مردود 2165 **نسائی** کتاب البیوع التلقی 4498 ، 4499 **ابوداؤد** کتاب البیوع باب فی التلقی 3436

2780{15} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُبَارَكٍ عَنِ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ نَهَى عَنْ تَلَقِّي الْبُيُوعِ [3821]

2780 : حضرت عبداللہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے آگے جا کر اموال تجارت لینے سے منع فرمایا۔

2781{16}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ عَنْ هِشَامٍ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُتَلَقَّى الْجَلَبُ [3822]

2781 : حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے منع فرمایا کہ آگے جا کر درآمدی مال تجارت لیا جائے۔ ☆

2782{17}حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي هِشَامٌ الْقُرْدُوسِيُّ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَلَقَّوُا الْجَلَبَ فَمَنْ تَلَقَّاهُ فَاشْتَرَى مِنْهُ فَإِذَا أَتَى سَيِّدُهُ السُّوقَ فَهُوَ بِالْخِيَارِ [3823]

2782: حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا درآمد ہونے والے مال تجارت کو آگے جا کر نہ لو اور جو اسے پائے اور اس میں سے خریدے پھر جب اس کا مالک منڈی میں آئے تو وہ صاحب اختیار ہوگا۔

2780: تخریج : بخاری کتاب البیوع باب النهی للبائع ان لا یحفل الابل ... 2149 باب النهی عن تلقی الرکبان وان بیعه مردود... 2164 **ترمذی** کتاب البیوع باب ماجاء فی کراهیة تلقی البیوع 1220 **ابن ماجه** کتاب التجارات باب النهی عن تلقی الجلب 2179، 2180

2781 : اطراف : مسلم کتاب البیوع باب تحریم تلقی الجلب 2782

تخریج : ترمذی کتاب البیوع باب ماجاء فی کراهیة تلقی البیوع 1221 **نسائی** کتاب البیوع بیع الحاضر للبادی 4496 4497 التلقی 4498 ، 4499 ، 4500 ، 4501 **ابوداؤد** کتاب البیوع باب فی التلقی 3436 ، 3437 باب من اشتری مصراة فکرهها 3443 **ابن ماجه** کتاب التجارات باب النهی عن تلقی الجلب 2178 ، 2179 ، 2180

☆ درآمدی مال تجارت سے مراد صرف بیرون ملک سے آنے والا سامان نہیں۔

2782 : اطراف: مسلم کتاب البیوع باب تحریم تلقی الجلب 2781

تخریج : ترمذی کتاب البیوع باب ماجاء فی کراهیة تلقی البیوع 1221 **نسائی** کتاب البیوع بیع الحاضر للبادی 4496 4497 التلقی 4498 ، 4499 ، 4500 ، 4501 **ابوداؤد** کتاب البیوع باب فی التلقی 3436 ، 3437 باب من اشتری مصراة فکرهها 3443 **ابن ماجه** کتاب التجارات باب النهی عن تلقی الجلب 2178 ، 2179 ، 2180

www.sirat-e-mustaqeem.net

[6]6:بَاب: تَحْرِيمُ بَيْعِ الْحَاضِرِ لِلْبَادِي

باب:شہری کا بادیہ نشین کے لئے سودا کرنے کی ممانعت

2783{18}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالُوا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَبِعْ حَاضِرٌ لِبَادٍ و قَالَ زُهَيْرٌ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ نَهَى أَنْ يَبِيعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ[3824]

2783 : حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے جو وہ نبی ﷺ تک پہنچاتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا شہری بادیہ نشین کا مال نہ بیچے اور راوی زہیر نبی ﷺ سے روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ آپؐ نے منع فرمایا کہ شہری بادیہ نشین کی طرف سے سودا بیچے ☆۔

2784{19} و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تُتَلَقَّى الرُّكْبَانُ وَأَنْ يَبِيعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ قَالَ فَقُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ مَا قَوْلُهُ حَاضِرٌ لِبَادٍ قَالَ لَا يَكُنْ لَهُ سِمْسَارًا [3825]

2784:حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے اس بات سے منع فرمایا کہ باہر جا کر قافلوں کو ملا جائے اور یہ کہ شہری بادیہ نشین کی طرف سے سودا بیچے۔راوی کہتے ہیں میں نے حضرت ابن عباسؓ سے پوچھا کہ شہری بادیہ نشین کے لئے فروخت نہ کرے سے کیا مراد ہے تو انہوں نے کہا کہ وہ اس کے لئے دلّال نہ بنے۔

2783 : تخریج : **بخاری** کتاب البیوع باب هل یبیع حاضر لباد بغیر اجر ...2158 باب النهی عن تلقی الرکبان وان بیعه مردود ... 2163 کتاب الاجارة باب السمرة 2274 **ترمذی** کتاب البیوع باب ماجاء لا یبیع حاضر لباد 1222 ، 1223 **نسائی** کتاب البیوع بیع الحاضر للبادی 4492 ، 4493 ، 4496 ، 4497 التلقی 4500 النجش 4506 ، 4507 **ابو داؤد** کتاب البیوع باب فی النهی ان یبیع حاضر لباد 3439 ، 3440 ، 3441 ، 3442 **ابن ماجه** کتاب التجارات باب النهی ان یبیع حاضر لباد 2175 ، 2176 ، 2177

2784 : تخریج : **بخاری** کتاب البیوع باب هل یبیع حاضر لباد بغیر اجر ...2158 باب النهی عن تلقی الرکبان وان بیعه مردود ... 2163 کتاب الاجارة باب السمرة 2274 **ترمذی** کتاب البیوع باب ماجاء لا یبیع حاضر لباد 1222 ، 1223 **نسائی** کتاب البیوع بیع الحاضر للبادی 4492 ، 4493 ، 4496 ، 4497 التلقی 4500 النجش 4506 ، 4507 **ابو داؤد** کتاب البیوع باب فی النهی ان یبیع حاضر لباد 3439 ، 3440 ، 3441 ، 3442 **ابن ماجه** کتاب التجارات باب النهی ان یبیع حاضر لباد 2175 ، 2176 ، 2177

☆ یہ ممانعت تجارت میں غیر ضروری واسطہ (middleman) سے روکنے کے لئے ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.net

2785{20} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ أَخْبَرَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ ح و حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَبِعْ حَاضِرٌ لِبَادٍ دَعُوا النَّاسَ يَرْزُقِ اللَّهُ بَعْضَهُمْ مِنْ بَعْضٍ غَيْرَ أَنَّ فِي رِوَايَةِ يَحْيَى يُرْزَقُ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ [3827,3826]

2785: حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا شہری بادیہ نشین کی طرف سے سودا نہ بیچے۔ لوگوں کو چھوڑ دو، اللہ بعض کو بعض کے ذریعہ رزق دیتا ہے۔ ایک اور روایت میں (يَرْزُقِ اللّٰهُ کی بجائے) يُرْزَقُ کے الفاظ ہیں۔

2786{21}و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ نُهِينَا أَنْ يَبِيعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ وَإِنْ كَانَ أَخَاهُ أَوْ أَبَاهُ [3828]

2786: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ ہمیں منع کیا گیا کہ شہری بادیہ نشین کے لئے کچھ فروخت کرے خواہ وہ اس کا بھائی یا باپ ہی کیوں نہ ہو۔

2787{22} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ

2787: حضرت انس بن مالکؓ نے بیان کیا کہ ہمیں منع کیا گیا کہ شہری (بادیہ نشین) کے لئے (سودا) بیچے۔

2785 : **تخریج** : **بخاری** کتاب البیوع باب هل يبيع حاضر لباد بغير اجر ...2158 باب النهى عن تلقى الركبان وان بيعه مردود ...2163 كتاب الاجارة باب اجر السمسرة 2274

ترمذی کتاب البیوع باب ماجاء لا يبيع حاضر لباد 1223 **ابوداؤد** کتاب البیوع باب فی النهی ان يبيع حاضر لباد 3439 3440، 3441 ، 3442 **ابن ماجه** کتاب التجارات باب النهى عن تلقى الجلب 2175 ، 2176 ، 2177

2786 : **اطراف** : **مسلم** کتاب البیوع باب تحریم تلقی الجلب 2787

تخریج : **بخاری** کتاب البیوع باب يشترى حاضر لباد بالسمسرة 2160 ، 2161 **نسائی** کتاب البیوع بیع الحاضر للبادی 4492، 4493، 4494 **ابوداؤد** کتاب البیوع باب فی النهی ان يبيع حاضر لباد 3440

2787: **اطراف** : **مسلم** کتاب البیوع باب تحریم تلقی الجلب 2786 =

www.sirat-e-mustaqeem.net

مُحَمَّدٍ عَنْ أَنَسٍ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُعَاذٌ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ قَالَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ نُهِينَا عَنْ أَنْ يَبِيعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ [3829]

[7]7:بَاب حُكْمِ بَيْعِ الْمُصَرَّاةِ

دودھ روکے ہوئے جانور کے بیچنے کا بیان

2788{23}حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ عَنْ مُوسَى بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اشْتَرَى شَاةً مُصَرَّاةً فَلْيَنْقَلِبْ بِهَا فَلْيَحْلُبْهَا فَإِنْ رَضِيَ حِلَابَهَا أَمْسَكَهَا وَإِلَّا رَدَّهَا وَمَعَهَا صَاعٌ مِنْ تَمْرٍ [3830]

2788 : حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے ایسی بکری خریدی جس کا دودھ روکا گیا ہو تو وہ اس بکری کے ساتھ واپس آ کر اس کا دودھ دوہے اگر وہ (خریدنے والا) اس کے دودھ سے راضی ہو تو اسے رکھ لے ورنہ اسے واپس کر دے اور اس کے ساتھ ایک صاع (تین سیر) کھجور بھی دے۔

2789{24}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْقَارِيَّ عَنْ

2789 : حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے ایسی بکری خریدی

= **تخریج** : **بخاری** کتاب البیوع باب یشتری حاضرلباد بالسمسرة 2160، 2161 **نسائی** کتاب البیوع بیع الحاضر للبادی 4492، 4493، 4494 **ابوداؤد** کتاب البیوع باب فی النهی ان یبیع حاضر لباد 3440

2788: اطراف : **مسلم** کتاب البیوع باب حکم بیع المصراة 2789، 2790، 2791، 2792

تخریج : **بخاری** کتاب البیوع باب نهی للبائع ان لا یحفل الابل ... 2148، 2149، 2150 باب النهی عن تلقی الرکبان 2162، 2164 **ترمذی** کتاب البیوع باب ماجاء فی المصراة 1251، 1252 **نسائی** کتاب البیوع النهی عن المصراة وهو ان یربط اخلاف الناقة او الشاة ... 4487، 4488، 4489 **ابوداؤد** کتاب البیوع باب من اشتری مصراة فکرهها 3443، 3444، 3445 **ابن ماجه** کتاب التجارات باب بیع المصراة 2239، 2240، 2241

2789 : اطراف : **مسلم** کتاب البیوع باب حکم بیع المصراة 2788، 2790، 2791، 2792

تخریج : **بخاری** کتاب البیوع باب نهی للبائع ان لا یحفل الابل ... 2148، 2149 باب النهی عن تلقی الرکبان 2162، 2164 **ترمذی** کتاب البیوع باب ماجاء فی المصراة 1251، 1252 **نسائی** کتاب البیوع النهی عن المصراة وهو ان یربط اخلاف الناقة او الشاة ... 4487، 4488، 4489 **ابوداؤد** کتاب البیوع باب من اشتری مصراة فکرهها 3443، 3444، 3445 **ابن ماجه** کتاب التجارات باب بیع المصراة 2239، 2240

www.sirat-e-mustaqeem.net

سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ ابْتَاعَ شَاةً مُصَرَّاةً فَهُوَ فِيهَا بِالْخِيَارِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ إِنْ شَاءَ أَمْسَكَهَا وَإِنْ شَاءَ رَدَّهَا وَرَدَّ مَعَهَا صَاعًا مِنْ تَمْرٍ [3831]

جس کا دودھ روکا گیا ہوتو اسے اُس میں تین دن تک اختیار ہے چاہے تو اسے رکھ لے اور چاہے تو اسے واپس کردے اور اس کے ساتھ ایک صاع (تین سیر) کھجور بھی دے۔

2790{25} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَبَلَةَ بْنِ أَبِي رَوَّادٍ حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ يَعْنِي الْعَقَدِيَّ حَدَّثَنَا قُرَّةُ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اشْتَرَى شَاةً مُصَرَّاةً فَهُوَ بِالْخِيَارِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ فَإِنْ رَدَّهَا رَدَّ مَعَهَا صَاعًا مِنْ طَعَامٍ لَا سَمْرَاءَ [3832]

2790: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ جس نے ایسی بکری خریدی جس کا دودھ روکا گیا ہو اُسے تین روز تک اختیار ہے اگر وہ اس (بکری) کو واپس کرے تو اس کے ساتھ ایک صاع (تین سیر) کوئی غلہ لوٹائے نہ کہ اعلیٰ قسم کی گندم۔

2791{26} حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اشْتَرَى شَاةً مُصَرَّاةً فَهُوَ بِخَيْرِ

2791: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ جس نے وہ بکری جس کا دودھ روکا گیا ہو خریدی اُسے دوصورتوں میں سے بہتر کا اختیار ہے۔ اگر چاہے تو اسے رکھ لے اور چاہے تو اسے واپس

2790 : اطراف : مسلم: کتاب البیوع باب حکم بیع المصراۃ 2788، 2789، 2791، 2792

تخریج : بخاری کتاب البیوع باب نهی للبا ئع ان لا یحفل الابل ... 2148، 2149، باب النهی عن تلقی الرکبان 2162،2164 **ترمذی** کتاب البیوع باب ماجاء فی المصراۃ 1251،1252 **نسائی** کتاب البیوع النهی عن المصراۃ وهو ان یربط اخلاف النا قة او الشاة ... 4487، 4488، 4489 **ابو داؤد** کتاب البیوع باب من اشتری مصراۃ فکرهها 3443، 3444، 3445 **ابن ماجه** کتاب التجارات باب بیع المصراۃ 2239، 2240

2791: اطراف : مسلم کتاب البیوع باب حکم بیع المصراۃ 2788، 2789، 2790، 2792

تخریج : بخاری کتاب البیوع باب نهی للبا ئع ان لا یحفل الابل ... 2148، 2149، باب النهی عن تلقی الرکبان 2162،2164 **ترمذی** کتاب البیوع باب ماجاء فی المصراۃ 1251،1252 **نسائی** کتاب البیوع النهی عن المصراۃ وهو ان یربط اخلاف النا قة او الشاة ... 4487، 4488، 4489 **ابو داؤد** کتاب البیوع باب من اشتری مصراۃ فکرهها 3443، 3444، 3445 **ابن ماجه** کتاب التجارات باب بیع المصراۃ 2239، 2240

www.sirat-e-mustaqeem.net

النَّظَرَيْنِ إِنْ شَاءَ أَمْسَكَهَا وَإِنْ شَاءَ رَدَّهَا وَصَاعًا مِنْ تَمْرٍ لَا سَمْرَاءَ و{27} حَدَّثَنَاه ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ عَنْ أَيُّوبَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ مَنِ اشْتَرَى مِنَ الْغَنَمِ فَهُوَ بِالْخِيَارِ [3834,3833]

کردے اور ایک صاع (تین سیر) کھجور بھی۔ نہ کہ اعلیٰ درجہ کی گندم۔
ایک اور روایت میں مَنِ اشْتَرَى مِنَ الْغَنَمِ فَهُوَ بِالْخِيَارِ کے الفاظ ہیں۔ . .

2792{28}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هَذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا وَقَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا مَا أَحَدُكُمُ اشْتَرَى لِقْحَةً مُصَرَّاةً أَوْ شَاةً مُصَرَّاةً فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ بَعْدَ أَنْ يَحْلُبَهَا إِمَّا هِيَ وَإِلَّا فَلْيَرُدَّهَا وَصَاعًا مِنْ تَمْرٍ [3835]

2792: ہمام بن منبہ کہتے ہیں کہ یہ وہ احادیث ہیں جو ہمیں حضرت ابو ہریرہؓ نے رسول اللہ ﷺ سے بیان کیں پھر انہوں نے ان میں سے کچھ احادیث بیان کیں جن میں یہ بھی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب بھی تم میں سے کوئی ایسی اونٹنی خریدے جس کا دودھ روکا گیا ہو یا ایسی بکری خریدے جس کا دودھ روکا گیا ہو تو اسے اس کے دوہنے کے بعد دو میں سے بہتر صورت کا اختیار ہے۔ یا وہ اسے (رکھ لے) ورنہ واپس کردے اور ایک صاع (تین سیر) کھجور بھی۔

2792: اطراف : مسلم کتاب البیوع باب حکم بیع المصراۃ 2788، 2789، 2790، 2792

تخریج : بخاری کتاب البیوع باب نهی للبا ئع ان لا یحفل الابل ... 2148، 2149، باب النهی عن تلقی الرکبان 2162،2164

ترمذی کتاب البیوع باب ماجاء فی المصراۃ 1251،1252 **نسائی** کتاب البیوع النهی عن المصراۃ وهو ان یربط اخلاف النا قة او الشاة ... 4487، 4488، 4489 **ابوداؤد** کتاب البیوع باب من اشتری مصراۃ فکرهها 3443، 3444، 3445 **ابن ماجه** کتاب التجارات باب بیع المصراۃ 2239، 2240

www.sirat-e-mustaqeem.net

[8]8:بَاب: بُطْلَانُ بَيْعِ الْمَبِيعِ قَبْلَ الْقَبْضِ

باب:فروخت شدہ چیز کو قبضہ میں لینے سے پہلے بیچنا درست نہیں

2793{29} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ ح و حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الْعَتَكِيُّ وَقُتَيْبَةُ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ ابْتَاعَ طَعَامًا فَلَا يَبِعْهُ حَتَّى يَسْتَوْفِيَهُ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَأَحْسِبُ كُلَّ شَيْءٍ مِثْلَهُ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ وَأَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ وَهُوَ الثَّوْرِيُّ كِلَاهُمَا عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ [3837,3836]

2793 : حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے غلّہ خریدا وہ اسے نہ بیچے یہاں تک کہ اس کو قبضہ میں لے لے۔ حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ میرا خیال ہے ہر چیز اس (غلّہ) کی طرح ہے۔

2794{30} حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ ابْنُ

2794: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے غلّہ خریدا وہ اسے

2793 : **اطراف** : **مسلم** کتاب البیوع باب بطلان بیع المبیع قبل القبض2794، 2795، 2796، 2797، 2798، 2799، 2800، 2801، 2802، 2803، 2804، 2805

تخریج : **بخاری** کتاب البیوع باب ما ذکر فی الاسواق 2123، 2124 باب الکیل علی البائع والمعطی 2126 باب ما یذکر فی بیع الطعام والحکرۃ 2132، 2133 باب بیع الطعام قبل ان یقبض وبیع مالیس عندک 2135، 2136 **ترمذی** کتاب البیوع باب ما جاء فی کراھیۃ بیع الطعام حتی یستوفیہ 1291 **نسائی** کتاب البیوع بیع الطعام قبل ان یستوفی 4595، 4596، 4597، 4598، 4599، 4600، 4601، 4602، 4603 النھی عن بیع ما ا شتری من الطعام بکیل حتی یستوفی 4604 **ابوداؤد** کتاب البیوع باب فی بیع الطعام قبل ان یستوفی 3492، 3495، 3496، 3497 **ابن ماجہ** کتاب التجارات باب النھی عن بیع الطعام قبل ما لم یقبض 2226، 2227

2794: **اطراف** : **مسلم** کتاب البیوع باب بطلان بیع المبیع قبل القبض 2793، 2795، 2796، 2797، 2798، 2799، 2800، 2801، 2802، 2803، 2804، 2805 =

www.sirat-e-mustaqeem.net

رَافِعٍ حَدَّثَنَا و قَالَ الْآخَرَانِ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ ابْتَاعَ طَعَامًا فَلَا يَبِعْهُ حَتَّى يَقْبِضَهُ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَأَحْسِبُ كُلَّ شَيْءٍ بِمَنْزِلَةِ الطَّعَامِ [3838]

نہ بیچے یہاں تک کہ وہ اس کو اپنے قبضہ میں لے لے۔ حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں میرا خیال ہے کہ ہر چیز غلّہ کی طرح ہے۔

2795{31} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا و قَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ ابْتَاعَ طَعَامًا فَلَا يَبِعْهُ حَتَّى يَكْتَالَهُ فَقُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ لِمَ فَقَالَ أَلَا تُرَاهُمْ

2795: حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص غلّہ خریدے وہ اسے بیچے نہیں یہاں تک کہ اسے ماپ لے۔ راوی کہتے ہیں میں نے حضرت ابن عباسؓ سے کہا کیوں؟ انہوں نے کہا کیا آپ ان کو دیکھتے نہیں کہ وہ سونے اور غلّہ کی خرید وخت میں غلّہ تاخیر سے دیتے ہیں۔ ابو کریب کی روایت میں مُرْجَأٌ کے الفاظ نہیں ہیں۔

